SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

November 15, 2023

**گورنمنٹ ڈیبٹ سیکیورٹیز اسٹاک ایکسچینج کے ذریعے اجراء کے لیے کمیٹی تشکیل دی گئی**

اسلام آباد (نومبر 15) وزارت خزانہ نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے ذریعے گورنمنٹ سیکیورٹیز کے اجراء اور ٹریڈنگ کے طریقہ کار کو حتمی شکل دینے کے لیے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے چیئرمین جناب عاکف سعید کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔

کمیٹی ، جس میں میں نجی شعبے کے ماہرین شامل ہیں، ڈیٹ سکیورٹیز کے اجراء کے لئے پاکستان اسٹاک ایکسچینج، سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی، نیشنل کلئرنگ کمپنی کے دستیاب انفراسٹرکچر اور اس حوالے سے ان اداروں کی صلاحیت اور آپریشنل کارکردگی کو جانچتے ہوئے، سررکاری ڈیٹ سکیورٹیز کے اجرا٫ کا نطام وضح کرے گی ۔ کمیٹی سرکاری قرض کی سیکیورٹیز کی رجسٹریشن، ٹریڈنگ اور ٹرانسفر کا طریق کار بھی متعین کرے گی ۔

یہ کمیٹی دیگر اسٹیک ہولڈروں بشمول وزارت خزانہ، اسٹیت بینک ،سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن، پاکستان اسٹاک ایکسچینج ، کلئرینگ کمپنی ، سیٹرل ڈیپازٹری اور نجی شعبے کے ساتھ رابطہ رکھے گی ۔ کمیٹی ڈیٹ سکیورٹیز کی ٹریڈنگ میں مارکیٹ کے استحکام اور سرمایہ کاروں کے تحفظ کو یقینی بناتے ہوئے ایک موثر نگرانی کے طریقہ کار اور رسک مینجمنٹ سسٹم کے لیے تجاویز بھی تیار کرے گی اور ریگولیٹری فریم ورک میں ضروری ترامیم تجویز کرے گی۔

کمیٹی کے دیگر اراکین میں جناب محسن مشتاق چندانہ، ڈائریکٹر جنرل ڈیٹ فنانس ڈویژن؛ جناب محمد علی ملک، ایگزیکٹو ڈائریکٹر، اسٹیٹ بینک؛ جناب عبدالرحمن وڑائچ، کمشنر ایس ای سی پی؛ جناب فرخ خان، چیف ایگزیکٹو پی ایس ایکس؛ جناب بدیع الدین اکبر، چیف ایگزیکٹو سینٹرل ڈپازٹری کمپنی؛ جناب محمد لقمان، چیف ایگزیکٹو نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان؛ جناب ریشا مویودین، خزانچی حبیب بنک لمیٹڈ؛ جناب محمد اسماعیل یوسف، خزانچی نیشنل بینک آف پاکستان؛ جناب احمد علی صدیقی، گروپ ہیڈ، شریعہ کمپلائنس، میزان بینک؛ جناب آصف قریشی، چیف ایگزیکٹو آپٹیمس کیپٹل مینجمنٹ ؛ اور جناب یاسر قادری، چیف ایگزیکٹو یو بی ایل فنڈ منیجرز لمیٹڈ شامل ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005